سوال

(105) سویا ہوا آدمی اس وقت جاگے جب آفتاب طلوع ہو یا غروب   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سویا ہوا آدمی اس وقت جاگے جب آفتاب طلوع ہو یا غروب ہو رہا ہو تو ایسے شخص کو اسی وقت نماز پڑھنی ہوگی۔ یا تھوڑی دیر کرکے تاکہ آفتاب پوری طرح طلوع یا غروب ہو جائے۔ (عبدالسبحان کلکتہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے کہ نیند میں قصور نہیں مسلمان اگر بے اختیار نیند میں پڑا رہے۔ تو جس وقت جاگے وہی اس کا وقت ہے۔ اس کے بعد علماء دو گروہ ہوگئے ہیں۔ ایک گروہ تو کہتا ہے جب جاگے پڑھ لے۔ اور دوسرا گروہ کہتا ہے۔ اوقات کے مکروہات میں نماز نہ پڑھے۔ بلکہ زرا دیر کے بعد جائز اوقات میں پڑھے۔ ان دونوں خیالوں میں سے جو خیال کسی کو پسند ہو اختیار کرے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 77

محدث فتویٰ